# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

## پریس ریلیز

## شعبہ تربیت اساتذہ و نیم رسمی تعلیم جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ہفتے بھر کے این ایس ایس اور سی سی اے کیمپ کا آغاز

New Delhi, December 18, 2025

شعبہ تربیت اساتذہ و نیم رسمی تعلیم ( آئی اے ایس ای ) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اپنے این ایس ایس اور سی سی اے کیمپ کا باقاعدہ آغاز کیا۔ یہ کیمپ شعبے کی غیر نصابی سرگرمیوں کا اہم حصہ ہے جو تیئس دسمبر دو ہزار پچیس کی چلے گا کیمپ کے پہلے دن تمام طلبہ نے شرکت کی جس کے بعد ڈاکٹر محمد عارف، اسسٹنٹ پروفیسر، ڈی ٹی اینڈ این ایف ای، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے یوگا کا سیشن لیا جس سے پورے پروگرام کے لیے مثبت اور توانائی سے بھرپور ماحول تیار ہو گیا۔

پروگرام کا مبارک آغاز قرآن پاک کی تلاوت سے ہوا۔ جناب ذیشان ضمیر احمد، انسٹرکٹر، ڈی ٹی اینڈ این ایف ای ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی سربراہی میں سریلی آواز میں جامعہ کا ترانہ اور این ایس ایس گیت پیش گیا گیا جس نے شرکا میں دلچسپی، امنگ اور جوش بھر دیا۔

اس کے بعد صدر شعبہ پروفیسر فرح فاروقی نے سامعین سے خطاب کیا اور انہوں نے پروفیسر ایمریٹس، علم طبعیات کے ماہر اور سماجی کارکن پروفیسر وی۔ کے۔ ترپاٹھی، پروفیسر اعجاز مسیح، سابق ڈین، فیکلٹی آف ایجوکیشن، اور ڈاکٹر عابد حسین، سینئر عہدیداران، این ایس ایس کا پر جوش اور والہانہ استقبال کیا۔ پروفیسر فاروقی نے این ایس ایس کوآرڈی نیٹرس پروفیسر روحی فاطمہ اور ڈاکٹر رئیسہ خان، سی سی اے کوآرڈینیٹرز، پروفیسر تبسم نقی اور ڈاکٹر محمد عارف کے ساتھ ساتھ تمام ہاؤس کے مشیروں کی کوششوں کو سراہا اور ان کی پرخلوص کاوش کے لیے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اپنے خطبے میں صحت مند، مقابلہ جاتی، ٹیم ورک اور آئندہ دنوں کے لیے منصوبہ بند سرگرمیوں کے توسط سے جامع نشو ونما کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

ڈاکٹر عابد حسین کے خطبے کے ساتھ پروگرام جاری رہا جس میں انہوں نے این ایس ایس کی سرگرمیوں کی اہمیت پر زور دیا جو پیشہ ورانہ اور ذاتی نشو ونما کے فروغ کی ضامن ہیں نیز ذمہ دار اور ہمدرد شہری تیار کرنے کے سلسلے میں ان کے رول کو اجاگر کیا۔ نیز انہوں نے فرد کی ہمہ جہت نشو ونما کے سلسلے میں ذہنی اور جسمانی صحت کی معقولیت کو اجاگر کیا۔

افتتاحی پروگرام کے مہمان خصوصی پروفیسر وی۔ کے۔ ترپاٹھی نے سماجی مسائل سے متعلق اپنی تقریر کو اپنی کہی غزل کے اشعار پڑھ کر پیش کیا اور طلبہ کو تحریک دی۔ انہوں نے اپنی تازہ ترین کتاب 'لائبریشن تھرو نان وائیلینس' سے نیز اپنے تجربات و

مشاہدات سے چند مثالیں ساجھا کیں اور طلبہ سے کہا کہ تعصب وتنگ نظری سے نبرد آزما ہوتے ہوئے مستقل مزاجی، ہمدردی اور انسانیت کے شدید احساس کے ساتھ آگے بڑھیں۔ان کی تقریر کے بعد پروفیسر اعجاز مسیح کا خطبہ ہوا جنہوں نے انسانی اقدار سے متعلق پروفیسر ترپاٹھی کے تصورات پر اظہار خیال کیا اور ہمدرد و بااخلاق افراد تیار کرنے میں سچے معلم کے رول کو اجاگر کیا۔

ڈاکٹر رئیسہ خان، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ تربیت اساتذہ و نیم رسمی تعلیم، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے شکریے کی رسم ادا کی ۔انہوں نے ڈین، شعبہ تعلیمات، صدر آئی اے ایس ای، این ایس ایس کو آرڈی نیٹرس، فیکلٹی اراکین، یونیورسٹی انتظامیہ، ہاؤس مشیران، طلبہ اور آفس اسٹاف کے بیش قیمت تعاون کا شکریہ۔قومی ترانے کی نغمہ سرائی پر افتتاحی اجلاس کا اختتام ہوا جس کے بعد سارے ہاؤس اپنی اپنی جگہوں پر چلے گئے۔

ظہرانے کے بعد ہر ہاؤس نے اپنے علاقے میں کیمپس ترقیاتی اقدامات میں شرکت کی۔ان سرگرمیوں میں جھاڑو دینا، نباتات کی کٹائی چھٹائی، دیواروں سے پرانے رنگ ہٹانا، زمین کی صفائی اور شعبے کے ماحول کو بہتر بنانے کے لیے تیار صفائی ستھرائی سے متعلق دیگر مہمیں انجام پذیر ہوئیں۔

این ایس ایس کیمپ میں آئندہ سات دنوں میں طلبہ دیواروں اور میزوں پر رنگ و روغن کا کام، شعبے کے مختلف علاقوں کو صاف ستھرا کرنے اور کیمپ کے حصے کے طور پر تیار کیے گئے مختلف تہذیبی وثقافتی پروگراموں میں حصہ لیں گے۔طلبہ میں تخلیقیت، تہذیبی وثقافتی اظہار اور ٹیم ورک کی تحریک کے لیے بیت بازی، فینسی ڈریس، صوفیانہ قوالی اور نکڑ ناٹک جیسے مختلف انٹر ہاؤس مقابلے بھی تیار کیے گئے ہیں۔آٹھ ہاؤس یعنی اجمل، انصاری، آزاد، گاندھی، مجیب، نہرو، سیدین اور ذاکر ہاؤس کے طلبہ ہفتہ بھر چلنے والے پروگرام میں ذوق وشوق اور انتہائی دلچسپی سے حصہ لیں گے اور ان میں ہر پروگرام ہندوستان کے کسی خطے یا زبان کی نمائندگی کریں گے اور ہندوستان کی لسانی بوقلمونی کو اجاگر کریں گے۔

پروگرام کے آخر دن تفریح سے بھرپور سرگرمیوں، مظاہروں اور پکوانوں کے اسٹال لگائے جائیں گے جس کے ساتھ ہی خوب صورت تہذیبی وثقافتی پروگرام کا اختتام ہوگا۔قابل ذکر ہے کہ شعبہ تربیت اساتذہ و نیم رسمی تعلیم کا یہ بہت خاص پروگرام ہوتا ہے جس میں بی ایڈ (جنرل) بی ایڈ (نرسری) اور ڈی۔ای آئی ایجوکیشن پروگرام کے پہلے سمسٹر کے طلبہ حصہ لیتے ہیں۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ